U32344 1-12-04

Title - Dard Baaqi-o-Durd Saaqi

Creator - Khwaja Meer Dard; Murattiba Raja Narsingh Raj Bahadur.

Publisher - Sardar Press (Hyderabad).

Date - Not Available

Pages - 148

Subjects - Khwaja Meer Dard - Rubaiyaat

درد باقی
و
درد ساقی

یہ ایک ایسا نادر مجموعہ ہے جس مین ہندوستان کے ولی کامل
صاحبدل فیوض مین نادر فرد حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمہ کے

رباعیات ہین

جنکا منظومہ ترجمہ علاوہ مضامین و رباعیات مصنفہ خود موحد کامل عالیجناب
معلی الالقاب راجہ گردھاری پرشاد بنسی راجہ محبوب نواز ونت بہادر المتخلص باقی
صدر سررشتہ دار جمعیت باقاعدہ وبیقاعدہ وشرف باورچیخانہ وخانسامانی سرکار عالی

(فرمایا ہے)

مرتبہ

راجہ نرسنگھ راج بہادر خلف اکبر راجہ صاحب مرحوم و مغفور

مطبوعہ
سردار پریس حویلی قدیم حیدرآباد

۳۶۴۳۲۴۲

دردِ باقی
و
دُردِ ساقی

یہ ایک ایسا نادر مجموعہ ہے جس میں ہندوستان کے ولی کامل صاحبدل فیوض بین نادر فرد حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کے

رباعیات ہیں

جنکا منظومہ ترجمہ علاوہ مضامین و رباعیات مصنفہ خود موحد کامل عالیجناب معلی الالقاب راجہ گردہاری پرشاد منشی راجہ محبوب نواز دنت بہادر المتخلص باقی صدر سررشتہ دار جمعیت باقاعدہ وبیقاعدہ ومشرف باورچیخانہ وخانسامانی سرکار عالی

:(فرمایا ہے):

مرتبہ

راجہ نرسنگھ راج بہادر خلف اکبر راجہ صاحب مرحوم و مغفور

مطبوعہ

سردار پریس حویلی قدیم حیدرآباد

۱۳۳۲ ھ

فہرست مضامین دردِ باقی و دُردِ ساقی

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۱	تمہید	۱
۲	سوانحعمری راجہ گردھاری پرشاد محبوب نواز ونت باقی	۱۱
۳	کلام عالیجناب باقی بیکنٹھ باشی نظم و نثر در معرفت	۴۱
۴	رباعیات خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ معہ ترجمہ منظومہ حضرت باقی مرحوم	۶۹
۵	رباعیات مصنفہ راجہ باقی بیکنٹھ باشی۔	۱۲۸

رام بابو سکسینہ
MUSLIM UNIVERSITY ALIGARH LIBRARY

شبیہ راجہ گردھاری پرشاد محبوب نواز ونت بہادر باقیؔ

MUSLIM UNIVERSITY ALIGARH. LIBRARY Date ....

تمہید

رباعی حضرت میر درد علیہ الرحمۃ

گر دعویٔ ہستی ست بہتان ست این
در شکوہ نیستی ست کفران ست این
اے حضرتِ انسان تحیر انجام
خود را نشناختی چہ عرفان ست این

موت اور زیست کا سوال نہایت نازک اور اہم ہے۔ اس کے سمجھنے سے اپنی ذات کی خبر ملتی ہے۔ اور اس خوشخبری کے حصول سے خیالات کی حالت بدلجاتی ہے۔ انسان کا دل ایک ایسا پلٹا کھاتا ہے کہ جس کے بعد پھر کوئی سوال حل طلب نہیں رہتا۔ اس مسئلہ کی لاپرواہی دنیا و مافیہا سے بیخبر رکھتی ہے۔ اور عذاب و ثواب خوف و خطر ادائی فرائض کی کوتاہی اسکی نافہمی کا موجب ہے۔ البتہ اس کے متعلق وہ دوسری روحانی حالت ضرور قابل تعظیم ہے جو انتہائی معراج کہی جاسکتی ہے اور جو شاذ دلدادگانِ خدا کو نصیب ہوا کرتی ہے۔ ایک مرتبہ مہاراجہ یدھشٹر سے جن کا نام دھرم راج بھی تھا اور جن کا ذکر خیر مہابھارت میں جابجا ملتا ہے یہ پوچھا گیا تھا کہ کونسی چیز دنیا میں عجیب و غریب ہے تو اس یکتائے زمانہ مہاراجہ نے یہ جواب دیا کہ انسان موت کے متعدد سانحات دیکھتا ہے اور متاثر ہو کر بھی فراموش ہو جاتا ہے۔

یہی ایک عجیب بات ہے۔ اس سے بڑھکر کوئی اعجوبہ نہیں ؟؟ مگر ایسے
شخص کی جس نے دنیا اور اوس کے میدان کارزار میں قدم رکھا ہے بغیر
اس سوال کے سوچے سمجھے آنکھیں نہیں کھلتیں کیا دنیوی امور کی ادائی
اور کیا دینی فرائض کی سربراہی بجز اس نازک مسئلہ کی معلومات کے ناممکن ہے
انسان چاہے لاکھ ثابت کرنے کی کوشش کرے کہ وہ اس
دریا کا تیراک ہے اور ہزار طرح سے اپنی تحریر و تقریر یا جد و جہد ظاہری سے
بتلائے کہ اُس نے اِس رمز کو پا لیا ہے جو منشاء زندگی ہے۔
ہرگز عرصہ دراز تک اس راز کو پردہ خفا میں نہیں رکھ سکتا ہے ایسا کام
جو دانائی راستی اور راست بازی و فراست سے مبرا ہو نمائشی ہوگا دھوکہ ہوگا
اور نام و شہرت کی خواہش روڑے اٹکائے گی۔ اور آخر کار اس کا
یہ انجام ہوگا کہ سعی لاحاصل ثابت ہوگی اور سب تدبیریں بے سود۔
ہم دیکھتے ہیں کہ سیکڑوں کام آغاز ہوئے اور ہوتے رہتے ہیں اور شاندار
طریق سے ان کا افتتاح ہوتا رہتا ہے۔ لیکن آج اکثر ان میں سے نابود ہیں بلکہ
نام و نشان تک نہیں ملتا۔ ان کے وجوہ نیستی کی تحقیقات کیجائے تو
صرف اسی ایک نتیجہ پر پہونچ سکتے ہیں کہ ناکمل زندگی۔ خواہش نام و شہرت
اور عدم موجودگی صداقت نے ایسے کاموں کو ملیامیٹ کر دیا اور آج وہ
جامہ نیستی میں روپوش ہیں۔ امیر ہو یا غریب دانا ہو یا نادان جب تک اِس
بات کو اچھی طرح نہ سمجھ لے وہ کسی کام کے لائق نہیں رہتا نہ اس کا کوئی
کام بار آور ہو سکتا ہے۔ صرف سمجھ لینا یا کسی چیز کا ظاہری علم رکھنا کافی نہیں
ہے بلکہ عمل کرنا ظاہر و باطن میں صفائی اور یکرنگی پیدا کرنا نہایت لازمی اور
ضروری ہے۔ یہ ایک مسلمہ بات ہے کہ پاک اور اعلیٰ زندگی ہی دوسروں کی

فلاح کر سکتی ہے اور ایک مقدس عملی زندگی ہزاروں زندگیوں کو راہ راست پر لا سکتی ہے۔ ظاہر ہے کہ جو خود نہ سنبھلے دوسروں کو کیا سنبھالیگا۔ جو خود نہ عمل کرے کسی اور سے کیا عمل کی توقع رکھ سکتا ہے جس دل میں خود درد نہ ہو وہ کسی اور کے درد کو کیا جانے۔

ہر کسے ناصح برائے دیگران		ناصح خود یافتم کم درجہان	
درد بسمل کو غیر کیا جانے	غالب	جو کہ گھائل کبھی ہوا ہی نہو	

کسی کو یہ کہنے کا ہرگز استحقاق نہیں ہے کہ دنیا ایسے شخصیتوں سے خالی ہے جو ان معاملات کے رازداں کہے جا سکتے ہیں یا جنہوں نے اپنے فرائض زندگی کی تکمیل میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھا۔ بغیر اعمال نیک اور صفائی قلب بے غرضانہ خلق کی خدمت دشوار ہے اور اس کے لیئے بزرگان دین کی صحبت یا معلم روحانی کی ضرورت ہے۔ قلب کی صفائی اور عملی زندگی کے بغیر دینی اور دنیوی فرائض میں کوئی سرخرو نہو سکا۔ نہ اہل دنیا نے ایسے شخص کی عزت کی جس نے اس جگہہ آنے جانے کے سلسلہ کو غور سے دیکھکر خود کو جانا اور پہچانا وہی کامل ہوا اور اوسی نے دنیا میں ایسے کام کئے جو آج تک سیکڑوں ہزاروں برسوں کے بعد بھی بالکل ایسے ہی تازہ ہیں جیسے کہ اوائل میں تھے۔ اب تک ان کا نیک نام نہایت عزت و محبت سے لیا جاتا ہے جنہوں نے جیتے جی خلق خدا کی بے مثل خدمت کی۔ اور مرنیکے بعد بھی

نادر تصانیف رہنمائی شائقین و طالبین کے لیئے چھوڑ گئے۔ وہ
بے شک زندہ رہیں گے اور ہمیشہ زندہ رہیں گے ان کا کلام
ان کی دائمی زندگی ہے اور ایسا بیش قیمتی خزانہ ہے کہ جو باوجود مصارف
کبھی نہیں گھٹتا اور نہ اوس میں کوئی کمی ہوتی۔ ان کا بے نظیر کلام
نصائح و پند کی صورت میں اب بھی ہر وقت دستگیری کرتا ہے۔
اور متلاشی دین و دنیا کو رہبری کا کام دیرہا ہے۔ مبارک ہیں ایسے
بزرگ جنہوں نے احسان عام کیا ہے۔ اور مبارک ہے وہ قوم اور
سرزمین جہاں ایسے متبرک اور مبارک شخصیں پیدا ہوکر اپنے وجود
مسعود کی غیر موجودگی کے باوجود دیگر ہزارہا مخلوق خدا کے حق میں
کارآمد اور مفید ثابت ہو رہے ہیں۔ صفائی باطن کے حاصل کرنے
میں کسی تخصیص کا دخل نہیں ہے نہ یہ کسی خاص مذہب و ملت کا
ورثہ ہے۔ قدرت سب کے لیئے یکسان رحیم و کریم ہے۔ اُس کے میزان
عدل میں کبھی کسی کے ساتھہ سختی یا رعایت بیجا نہیں ہوتی اور نہ کوئی
متنفس یہ کہنے کا مجاز ہے کہ وہ مالک حقیقی کسی پر زیادہ رحم کرم کرتا ہے
اور کسی پر کم۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ جو اس کی بے ریا اور بے غرضانہ
خدمت کرے وہ اس کا پیارا ہے۔ اور جو اوسکی مخلوق اور بندوں
سے بے تعصب محبت اور الفت برادرانہ کا برتاؤ کرے وہی اسکا
لاڈلا ہے۔ اس مسئلہ میں زیادہ طوالت دیکر میں اپنی محدود و ناچیز
معلومات سے تضیع اوقات نہیں کرنا چاہتا۔ میرا مطلب اُن بندگان
خدا سے ہے جو عامل و کامل تھے اور خدمت خلق کی ادائی کے اہل
اور قابل مانے گئے۔ چنانچہ ان میں سے میں دو کامل شخصیتوں کا ذکر

آپ کے روبرو کرنا چاہتا ہون - جن کو یہ سعادت دارین حاصل تھی
میری مراد اس سے حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمتہ سے ہے کہ جنکے
پرمغز تصانیف اور صفائی قلب کا نمونہ اس کتاب مین پیش ہوگا - اور
دوسرے بزرگ میرے محترم و واجب التعظیم والد بزرگوار در اجہ
گردھاری پرشاد محبوب نواز ونت باقی جن کے مشاغل زندگی
کا اندازہ اسی کتاب سے ہو سکتا ہے - مین نے اس تمہید مین
جس مسئلہ کے عنبو کا ذکر کیا ہے وہ ایسے مقبول اور خدارسیدہ
بزرگون سے متعلق ہے کہ جن کا کلام اپنے صوفیانہ اور مستانہ
حالات کا اظہار کر رہا ہے اور محبت و خلوص سے پڑھنے والے
کے لئے بے ریا و بے تعصب ذخیرۂ معلومات مہیا کر سکتا ہے -
صاحب اول الذکر کا مختصر حال مین ناظرین کتب کی دلچسپی و معلومات
کے لیئے کتاب تاریخ شعرا موسومہ آبحیات مصنفہ محمد حسین صاحب
آزاد پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور سے اقتباس کرتا ہوا پیش کرتا ہون
اور راقم کے واجب التعظیم والد بزرگوار کے مختصر مگر ضروری
حالات زندگی بھی اسی کتاب مین مندرج کیے گئے ہین -

حضرت خواجہ میر درد خواجہ محمد ناصر عندلیب کے فرزند تھے -
نالۂ عندلیب ابھی تک مقبول عام و اہل دل حضرات کے لئے وحدت
اور تصوف کا جام بنا ہوا ہے -

خواجہ میر درد دہلی مین رہتے تھے اور سلسلہ پیری و مریدی کے
باعث خاص وقعت رکھتے تھے - بڑے صوفی فقیر متوکل مستغنی
المزاج تھے - چنانچہ آپ نے ایک دفعہ شاہ عالم کو سخت جواب دیا تھا -

اور ان کے خفگی کی کوئی پرواہ کی۔ آپ زبان اردو کے چار رکنوں میں سے ایک سمجھے جاتے تھے۔ آپ کا اردو دیوان مختصر ہے۔ اور آپ نے کبھی قصائد و مثنوی نہیں لکھی۔ آپ نے کئی مہینے تک مفتی دولت صاحب سے مثنوی شریف کا سبق حاصل فرمایا تھا۔ آپ کا ایک مختصر دیوان فارسی بھی ہے۔ کم عمری ہی سے تصنیف کا خداداد شوق تھا۔ (۱۵) پندرہ سال کے سن میں ایک رسالہ اسرار الصلوۃ تحریر فرمایا۔ (۳۹) انتالیس سال کی عمر میں واردات درد نامی ایک رسالہ اور لکھا اور اس کی شرح میں علم الکتاب ایک بڑا نسخہ تحریر فرمایا جس میں ایک سو گیارہ (۱۱۱) رسالے ہیں اور ان میں نالۂ درد۔ آہ سرد۔ درد دل۔ سوز دل۔ شمع محفل۔ واقعات درد و حرمت غنا وغیرہ وغیرہ شریک ہیں۔ آپ کے کلام میں فی الواقعی درد ہے۔ آپ کو علم موسیقی میں بے حد ملکہ تھا۔ اکثر اس فن کے کامل عقیدۃ بغرض معلومات حاضر ہوتے تھے۔ آپ کے مشاغل نہایت پاکیزہ و مبارک تھے۔ آپ غضب کے متحمل مزاج تھے۔ میر تقی سودا اور جانجانان مظہر آپ کے ہم عصر تھے۔ آپ کے شاگردوں میں قیام الدین قائم قابل فخر استاد تھے۔ اور ہدایت اللہ خان ہدایت اور ثناء اللہ خان فراق علاوہ دیگر کثیر شاگردوں کے قابل ذکر ہیں۔ آپ کا اردو کلام بھی مختصر اور بامعنی ہوتا تھا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں۔ ؎

بندہ گر آئے سامنے تو بھی خدا کو دیکھ	بیگانہ گر نظر پڑے تو آشنا کو دیکھ

آپ کا اسی مضمون کا فارسی شعر بھی ملاحظہ طلب ہے۔

بسکہ در چشم و دلم ہر لحظہ ای یارم توئی	ہر کہ آید در نظر از دور پندارم توئی

خواجہ صاحب بتاریخ ۲۴ صفر یوم جمعہ ۱۱۹۹ھ (۶۸) برس کی عمر میں بمقام دہلی راہگزائے عالم جاودانی ہوئے۔ کسی عقیدتمند مرید نے آپ کے وفات کی یہ تاریخ کہی ہے۔

ع حیف دنیا سے سدھارا وہ خدا کا محبوب۔

۱۱۹۹

ہر کام یا ارادہ کی تحریک کا کوئی خاص سبب ہوا کرتا ہے۔ چنانچہ اس کتاب کے طبع کرنے کا شوق اس وجہ سے ہوا کہ میں نے حضرت والد مرحوم کی ایک قلمی کتاب کتب خانہ میں دیکھی جس میں خواجہ صاحب کی رباعیات فارسی کا والد مرحوم نے اردو میں ترجمہ فرمایا ہے۔ اسی کتاب میں والد متوفی کے مصنفہ فارسی رباعیات اور بعض پر مغز مضامین دیکھے اور دو تین مرتبہ بغور پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ اس کے دیکھنے سے میرے دل پر ہر وقت ایک نیا اثر ہوتا تھا اور میں نے یہ ٹھان لی کہ پھر ایک دورہ کر کے اس کو طبع کراؤں مگر دنیاوی کاروبار کی مسلسل مصروفیت نے عرصہ تک اس خیال کو پورا نہ ہونے دیا۔ اتفاق کی بات ہے کہ جب خلاف توقع حال ہی میں میرے اہلخانہ کا بتاریخ ۱۱ خورداد ۱۳۳۸ف روز دوشنبہ مختصر علالت سے بیوقت انتقال ہو گیا تو مجھے بجائے نشاۃ ماتم بنے اور احباب کے دلگداز

تعزیت آمیز فقرے سننے کے یہ مناسب معلوم ہوا کہ مین سابقہ خیال
کی تکمیل مین وقت کا بجا مصرف کرون - خدا نے مجھہ مین صبر و شکر کی توفیق
دی ہے اور مین رنج و راحت سے متاثر ہونا فہم کا قصور سمجھتا ہون -
اسلیئے مینے اس تصنیف کی تکمیل مین روزانہ تا ختم کار تین چار گھنٹہ وقف
کر دیئے اور میرا وقت ان کلامون کے دیکھنے اور جمع کرنے مین بہت
اچھا گذرا - مجھے ہندی فارسی اور اردو شاعری سے بہت دلچسپی ہے
اور مین خصوصاً صوفیانہ کلام کا ہمیشہ شایق رہا ہون - میرا ناقص
خیال ہے کہ ایک کامل اور صاحبدل شاعر کی تصنیف چاہے کسی زبان
مین ہو نہایت دلکش اور موثر ہوتی ہے اوسکی خوبی نفاست مطالب
کا اندازہ اور اوس کی بلند خیالی اور اعلی مضامین کا توازن اور لطف
وہی شخص پاسکتا ہے جو اس زبان کا ماہر ہو - اور اوس کے
مذاق فہم کے موافق شاعر کے خیالات کا مقصد واضح ہو سکے -
اس کتاب مین سب سے پہلے والد مرحوم کی سوانح عمری اور اسکے
بعد وہ تحریر ہدیہ ناظرین ہوگی جو والد مرحوم کی جدت طبع اور زور
قلم کا نمونہ ہے - اور جس سے حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کی
تصنیف کا معائنہ اور اس کے نسبت پر زور خیالات کا اظہار
فرمایا گیا ہے - والد مرحوم اکثر فارسی کلام فرمایا کرتے تھے اور
اس کے فاضل بھی تھے - اردو بہت کم کہتے تھے اور وہ بھی محض
مذاق طبع اور خاص احباب کی خاطر - چنانچہ خواجہ صاحب کی مصنفہ
علم الکتاب کو دیکھنے کے بعد آپ نے صوفیانہ کلام ہونے کی
وجہ رباعیات مین ترجمہ فرمایا ہے جو بجنسہ پیش کیا جاتا ہے - اسمین

ناظرین صرف مضامین اور مطالب کی خوبی پر نظر رکھیں۔ محاورات و بندش وغیرہ پر نہیں۔ کیونکہ یہ زبان اُن کے لیئے اُس وقت مروجہ نہ تھی۔ آپ نے اس کتاب کی جو تاریخ ختم رباعیات پر فرمائی ہے اُس میں اس طرح ذکر فرماتے ہیں۔ ۵

اُنکی جو رباعیات فارسی میں تھیں — اردو میں کیا گو کہ نہ تھی مشاقی

البتہ اسکے بعد جو فارسی رباعیات خود کی مصنفہ ہیں وہ ضرور بنظر تعمق و شوق ملاحظہ فرمائیجائیں حضرت خواجہ صاحب کا کلام نہایت واضح اور عام فہم ہے اور اسکے دیکھنے سے اس بات کا پورا علم ہوتا ہے کہ آپ کس پایہ کے صاحب کشف ذرگ تھے۔ آپ کا کلام با موقع و محل ہوتا ہے اور اپنا اثر کیئے بغیر نہیں رہتا۔ اگرچیکہ اندنوں فارسی کا رواج بمقابلہ سابق بہت کم ہوگیا ہے تاہم ابھی وہ زمانہ بہت دور ہے۔ جبکہ قدردانان کلام فارسی نرہیں یا فارسی کلام نظروں سے غایب ہوجائے۔ میں نے اس وجہ سے اس تصنیف کے طبع کرانے کی خاص جرات کی ہے

کہ ہمارے بادشاہ ذیجاہ — اعلیحضرت حضور پرنور سیدگا تعالی متعالی ظلہم العالی

ہز اکزالٹڈ ہز ہائینس نواب میر عثمان علیخان بہادر خسرو دکن دام اللہ دولتہ و حشمتہ نے عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام اور سرپرستی سے علوم مشرقیہ کے جسم میں تازہ جان ڈالدی ہے اور خود قادر و حامی کلام فارسی میں اور والی ملک معانی نیز امرائے ملک میں فاضل اجل عالیجناب راجایان راجہ مہاراجہ سرکشن پرشاد یمین السلطنتہ بہادر سابق مدار المہام ننپیکار سرکار عالی جیسے خوش قسمتی سے قدردانان اور واقفان حضرت باقی مرحوم میں

موجود ہین جن سے فارسی۔ اردو اور ہندی شاعری کو سجا ناز ہے۔
علاوہ ازین بعض ایسے معزز اور قدیم عنایت فرما اصحاب موجود ہین جو شایق کلام فارسی ہین اور جن کو اب تک اس ناچیز کے والد متوفی کے کلام اور ان کی خوبیون کی یاد تازہ ہے۔
مجھے کتب مصنفہ خواجہ میر درد و حالات وغیرہ کی فراہم کرنے اور اس کتاب کے متعلق قیمتی مشورہ دینے مین میرے والد کے قابل دوست عالم باعمل عالیجناب مولانا مولوی عبدالجبار خان صاحب آصفی منیر منتظم محکمۂ صدر المہامی صرف خاص مبارک نے بیحد امداد فرمائی و نیز جناب ہنمنت راؤ صاحب مہتمم پاتک راؤ صاحب جاگیردار نے نہ صرف وقتاً فوقتاً زحمت دہی کو قبول فرمایا بلکہ اس کے متعلق پرتجربہ مشورہ دیکر علم دوستی کا ثبوت دیا۔ مین اصحاب موصوف الصدر کا تہ دل سے مشکور ہون۔
میری یہ استدعا بیجا نہو گی کہ عجلت مین کوئی سہو کتابت یا سہو نظری ہو گئی ہو تو براہ کرم اصلاح فرما کر مجھے مشکور فرمایا جائے۔
مین اپنے اس تمہیدی مضمون کو ختم کرتا ہوا متمنی ہون کہ معزز ناظرین کی تفریح طبع اور علمی شوق پورا کرنے کے لیئے یہ کتاب مفید ثابت ہو اور میری یہ ناچیز خدمت کسی حد تک مقبول ہو کر رہے۔ فقط

خادم ملک

نرسنگ راج

مختصر سوانح عمری عالیجناب راجہ محبوب نواز ونت مرحوم باقی

حالات ابتدائی و خاندانی

ہے میکدۂ دہر مین نام باقی	ساقی نہ سہی مگر ہے جام باقی
عالی نہ مٹے گا کبھی نام باقی	زندہ جاوید ہے کلام باقی

راجہ گردہاری پرشاد بنسی راجہ محبوب نواز ونت المتخلص بہ باقی بتاریخ غرۂ رجب سنہ ۱۲۴۴ ہجری بمقام حیدرآباد دکن تولد ہوئے۔ آپ رائے نرہری پرشاد صاحب کے فرزند اکبر تھے۔ آپ نے حالات خاندانی اور خدمات کا مختصر تذکرہ اسی کتاب مین فرمایا ہے۔ علاوہ ازین حیات باقی منظوم مصنفہ رائے دوارکا پرشاد صاحب افق مین آپ ہی کے حالات کا تذکرہ ہے۔ اس لیئے یہان تحریر کرنا غیر ضروری سمجھا گیا۔ آپ کے جد اعلیٰ رائے دولت رائے بیگلنہ باشی حضرت نواب آصفجاہ نظام الملک کے ہمراہ اورنگ آباد آئے اور تا قیام شاہی وہین رہکر پھر حیدرآباد تشریف لائے۔ آپ کے جد رائے راجا رام صاحب متوفی سنہ ۱۱۹۸ھ مین محلہ حسینی علم مین مکان خرید کرکے تعمیر عمارت ذاتی کی بنا ڈالی تھی۔ آپکے خاندان مین سب صاحب خطابات اور مناصب تھے۔ اور علم شاعری اور تصوف کا مذاق وراثتاً چلا آرہا تھا۔ آپ کے والد رائے نرہری پرشاد صاحب علم سنسکرت مین اتنا کافی اور معقول دخل رکھتے تھے کہ بسہولت و آسانی گفتگو فرما سکتے تھے۔ عالم ہی نہ تھے بلکہ عامل بھی تھے۔ آپ کے والد رائے نرہری پرشاد جیو نے معروف و مستند کتاب سنسکرت جوگ واشسٹ

(جو معرفت مین بینظیر کتاب ہے) نظم ہندی مین ترجمہ فرمایا تھا۔ اور پنڈتان بنارس سے تحقیق اور تصدیق کے بعد بصرفہ آٹھہ دس ہزار روپیہ یہ کتاب عام مین مفت تقسیم کرائی گئی تھی بلکہ راجہ گرد ہاری پرشاد مرحوم کے تصانیف سے نرہری مال مجموعہ بھجن ہائے متعدد و نرہری گیان اُپدیش وغیرہ ہین صاحب ممدوح نے انتقال کے پندرہ سال قبل گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی۔ اور عمل شغل روحانی مین بالکل مصروف رہتے تھے۔ اور اپنے فرزند اکبر راجہ گرد ہاری پرشاد کو جملہ کاروبار سرکاری اور خانگی تفویض فرماکر بے فکری حاصل کی اور بقیہ عمر یاد الٰہی مین گزاری آپ کا انتقال بتاریخ ۴ ماہ صفر ۱۲۹۰ھ ہوا۔

حالات تعلیم خانہ آبادی وغیرہ

راجہ گرد ہاری پرشاد صاحب مرحوم کے چودہ بھائی بہن تھے۔ آپ کی ایک رباعی مصنفہ مندرجۂ ذیل اس کی وضاحت کرتی ہے۔

رباعی

از جمع برادران بجز من باقی	مشمر کہ یکم زچار دہ تن باقی
نقد این عمر شد ہمہ خرچ عبث	باقی با قیست ہمچو روشن باقی

آپ نے حضرت محمد علی صاحب عاشق سے فارسی تعلیم پائی تھی جو فی الحقیقت سچے عاشق خدا تھے۔ آپکو شاعری فارسی مین بھی حضرت

عاشق صاحب قبلہ اور اُردو مین حضرت فیض صاحب قبلہ سے تلمذ تھا
آپ عرس اوّل الذکر استاد کا بڑی شان اور عقیدت سے فرمایا
کرتے تھے جو ابھی تک ہوتا ہے۔ آپ کی ایک رباعی مین آپنے
اُستاد کی شان مین اس طرح تحریر فرمایا ہے۔

رباعی

عاشق اُستاد کامل باقی شد	زان مایۂ عشق حاصل باقی شد
از مشغلہ ذکر و زتربیت فکر	آئینۂ معرفت دل باقی شد

آپ ذہین تھے کم عمری ہی مین فارغ التحصیل ہو چکے تھے البتہ بظاہر
ہوتا ہے کہ مطالعہ اور عالمون کی صحبت کے باعث ابتدا سے شعر و سخن کا
بہت شوق تھا۔ اور تصنیف و تالیف مین کم عمری ہی سے منہمک
رہے تھے۔ آپ کی تعلیمی زندگی کے حالات کافی بدست نہو سکے
اس لیئے زیادہ صراحت نہ کی گئی۔

آپ کی شادی اول بعمر چودہ سال ١٢٥٨ھ مین ہوئی۔ اکثر
آپ کی اولاد نرینہ زندہ نہ رہتی تھی۔ چنانچہ منجملہ (٦) چھ لڑکے اور
لڑکیون کے جو محل اوّل سے تھے صرف راے کیشو پرشاد صاحب مددگار
صدر محاسبی سرکار عالی اور ایک دختر جو رائے رام پرشاد صاحب کو
منسوب تھین یادگارون سے رہے تھے۔ آپ کے پہلے محل کا انتقال
١٢٩١ھ ہجری مین ہوا تھا۔ اور آپ کی دوسری شادی عالیجناب
راجایان راجہ مہاراجہ نریندر پیشکار بہادر کے بے حد اصرار و خاص توجہ

عنایات کے باعث رائے بنسی دہر صاحب فرزند رائے عالم چند بیکنٹھ باشی معتمد پیشکاری کے صاحبزادی خورد سے قرار پائی جو راقم کی والدہ ماجدہ ہین۔ مہاراجہ ممدوح بیکنٹھ باشی نے رسم منگنی باغ کیشو گری مین بہ نفس نفیس تشریف فرما ہوکر انجام دلوائی۔ آپ کو موجودگی اولاد کی وجہ شادی کرنے سے قطعی انکار تھا۔ مگر اس اصرار و تقرر نے مجبور کردیا۔ اس کے بعد بھی آپ نے بوجہ مختاری کاروبار خانہ داری رقمی اخراجات کی ادائی و عدم گنجایش کا عذر فرمایا مگر عالیجناب نواب تراب علیخان سرسالار جنگ مختار الملک بہادر اولے نے حکماً شادی کی تاکید فرمائی اور بقایا تنخواہ تعدادی بارہ ہزار روپے (دے عطا کرے) کر انتظام شادی مین صرف کرنے کا خاص حکم صادر فرمایا۔ اب تو آپ اسی سال حسب منشار والد خود شادی کرنے پر مجبور ہوئے۔ اس شادی مین عالیجناب نواب مدار المہام و مہاراجہ پیشکار بہادر سرکار عالی نے شرکت فرما کر رونق دوبالا کی تھی۔ اس کے بعد آپ کو پانچ لڑکے اور پانچ لڑکیان تولد ہوئین۔ جن مین سے یہ راقم اور عزیز محبوب راج صاحب موجود ہین۔ اور اناث سے تین دختر ہین۔ آپ کے جوان نیک بخت اور صاحب اقبال صاحبزادہ رائے کیشو پرشاد صاحب عین عنفوان شباب مین بتاریخ ۵۔ محرم ۱۳۰۵ ہجری بروز لنگر مبارک ہاتھی سے گر کر انتقال کر گئے۔ اور شدید دماغی ضرب کے باعث جانبر نہو سکے۔ آپ کو ہمیشہ اولاد کا غم رہا۔ اور اکثر حادثات کے موقع پر آپ کو مایوسانہ یقین ہوتا تھا۔ کہ آپ لاولد رہین گے۔ کیونکہ بعض موقعون پیدا ولادو کو رہے

کوئی زندہ باقی نہ رہتا تھا۔

حالات ملازمت و ترقی مدارج

آپکے تعلیم پانے کے بعد ایک اہم کام آپ کے ہاتھوں انجام پایا جو آپ کی بیدار مغزی اور شہرت کا باعث ہوا۔ کام یہ تہا کہ عالیجناب نواب رونق علیخان شاہ یار الدولہ شاہ یار الملک بہادر کی فوج نے حضرت نواب غفران منزل علیہ الرحمتہ کے حکم کے باوجود بھی اپنے رجوعات نہ کی تہی۔ سوار اور پیادگان دکہنی بالکل آمادہ خدمتگزاری نواب صاحب موصوف نہ تہے اور اس وجہ سے راجہ شنبو پرشاد کے ذریعہ تقسیم تنخواہ کا حکم شاہی صادر ہوچکا تھا۔ راجہ گردہاری پرشاد کے خاص کوششوں اور ایصال تنخواہ بقایا کی ذمہ داری کے سبب فوج نے سر اطاعت خم کی۔ اور یہ اہم کام بآسانی طی ہوگیا اس کے صلہ میں نواب صاحب معز بذات خود راجہ نرہری پرشاد صاحب کے گہر تشریف لا کر راجہ گردہاری پرشاد کو اپنے یہاں کی سررشتہ داری فوج پر دو پانصد روپیہ ماہانہ (۵۰۰) ۱۲۴۷ھ میں اضافۃً مقرر فرمایا۔ یہاں بہت عزت و نیکنامی سے آپنے خدمت انجام دی۔ اور حسن اتفاق سے محفل شعر و سخن اور سکار وغیرہ گرم رہتی تہی کیونکہ نواب صاحب ممدوح خود ان مشاغل کے شایق تہے۔ اسکے کچہ عرصہ بعد ہی آپ کا تعلق خدمات سرکاری سے ہوا۔ آپ کو خدمات سرکاری آبائی اپنے والد کے حسب منشا اور بباعث ضعیفی والد

انجام دینی پڑین۔ آپ کی جدت اور موزونیت طبع پر نواب مختار الملک بہادر
اولے کی بالغانہ اور دوراندیشانہ نظر پڑی اور آپ کا انتخاب
کرکے آپ کے ذمہ فوج باقاعدہ کی ترتیب کا اہم کام سپرد فرمایا۔
آپ نے نہایت استقلال جانفشانی و عرق ریزی سے اس نظم
ونسق مین ذمہ دارانہ حصہ لیا۔ اور افواج باقاعدہ کی استادگی ۱۲۷۹ھ
مین آپ ہی کے ہاتھوں ہوئی جس کے اخراجات بیس لاکھ روپیے
سالانہ مقرر تھے۔ اس کی تفصیلی حالت اور تاریخ بھی ایک تفصیلی
نظم مین تحریر فرمائی ہے جو مندرجہ کنوز التواریخ ہے۔

سال استادش بگو فوج دغا یا قاعدہ
۱۲۷۹ھ

اس عظیم الشان کام کی انجام دہی کے صلہ مین صدر سررشتہ داری
فوج باقاعدہ کے عہدہ جلیلہ سے معہ ہوا تحریر سررشتہ داری
سرفرازی فرمائی گئی۔ اس کے بعد بعض جمعداران عرب کے
مظالم وسختیان باعث تخلل انتظام ریاست ہونے لگین۔
اس کے انسداد کی غرض سے نواب مختار الملک بہادر اولے نے
ایک باقاعدہ جمعیت عرب قایم فرمانا چاہی۔ اس اہم کام کے
انصرام کے لیئے بھی آپ ہی کا انتخاب فرمایا گیا اور آپ کو ہر طرح
موزون سمجھا گیا۔ اس کام مین آپ کو بہت زحمتین اُٹھانی پڑین۔
اور سخت مقابلے کرنے پڑے۔ بعض اوقات مخالفین کی
جانب سے آپ کی جان کو خطرہ پہونچانے کا اہتمام کیا گیا تھا۔
اور حملے کیئے گئے تھے۔ آپ نے استقلال او رہمت کو ہاتھ سے

جانے نہ دیا اور مفوضہ کام انجام دے کر ہی رہے۔ چنانچہ آپ کی
کوششون سے ۱۲۸۸ھ مین جمعیت نظام محبوب کا قیام ہوا۔ اور ان
نمایان کامون کی وقعت و قدر فرما کر اس کی سررشتہ داری بھی سرفراز
ہوئی۔ آپ نے اس فوج کی تفصیلی کیفیت کنوز التواریخ مین درج
فرمائی ہے۔ جس سے استاد کی دو تاریخین آخذ کر کے بدیہ ناظرین
کیجاتی ہین۔ ع فوج سلطان نظام محبوب۔ (۲) عدیم البدل دا ب فوج نظامی
۱۲۸۸ ہجری ۱۲۸۸ ہجری

ان کے علاوہ کارخانہ بنادیق موسومہ صنائع دکن کارخانہ ٹپاخہ بارود سازی
کارخانہ چرمی اور کاغذ سازی وغیرہ کا قیام آپ کے خاص جدت پسند
طبیعت کا نتیجہ تھا۔ اول الذکر کارخانے سے بنادیق و نیز جملہ سامان اسلحہ
بطریق احسن تیار ہو کر پسند عام ہوا۔ افواج و پولیس اضلاع وغیرہ مین
ان کی بیس ہزار تک سربراہی ہوا کرتی تھی۔ بجز کارخانہ کوٹھ بارود جہان
ابھی تک بارود تیار ہوتی ہے دیگر کارخانہ جات باقی نہین ہین۔ مرحوم
کی زندگی ہی مین بعض بوجہ عدم ضرورت توڑ دئے گئے۔ اور چند بعد میں۔ گنجہ جات
داماگنڈم و مڑمیال آپ ہی کے زیر نگرانی و انتظام تھے۔ آپ نے
ان کو رسالہ جات سرکاری کے لیئے محفوظ فرمایا تھا۔ اس طرح سرکاری
ہزارون لاکھون روپیے کی بچت ہوئی۔ آپ کو بلحاظ خدمت آبائی
جملہ تقاریب سرکاری سے تعلق تھا۔ چنانچہ ہر تقریب کے انصرام
مین آپ ہمہ تن مصروف رہتے تھے اور حسب منشاء خداوند نعمت
انجام دیا کرتے تھے۔ آپ اکثر کارہائے سرکاری کے باعث
عدیم الفرصت رہتے تھے۔ آپ حسب الحکم نواب سالار جنگ بہادر و دیوانی

اتالیق اور مقرب شاہی ہوئے تھے۔ اور سباق کے بعض نازک
اور اہم عمل عملیات حضرت غفران مکان علیہ الرحمۃ کے ملاحظہ
مین بغرض وقفیت پیش فرماتے تھے۔ علاوہ تقاریب سالانہ
کے جو تقاریب آپ نے انجام دین تھین ان مین تسمیہ خوانی مبارک
اور رسم علی بند حضرت مرحوم تھین جو سنہ ۱۲۸۶ ہجری و سنہ ۱۳۰۱ ہجری
مین انصرام پائین۔ یہ نہایت شاندار اور اولوالعزم تقاریب تھین جنمین
تمام ملازمین و رعایائے ملک کو شرکت فیضری اظہار مسرت اور
شادمانی کا موقعہ ملا۔ آپ کے زمانہ کارگذاری مین شادی نواب
سر آسمانجاہ مرحوم و شادی نواب سر وقار الامرا مغفور و شادی نواب
آصف یاور الملک مرحوم و عالیجناب نواب خورشید الملک بہادر (۱۲۸۴ھ، ۱۲۸۹ھ)
سنہ ۱۲۹۶ ہجری سنہ ۱۳۱۰ ہجری
انصرام پائی۔ جن کی تاریخین درج کردی گئی ہین۔ آپ کو بلحاظ تعلق
باورچیخانہ مبارک و سربراہی ہمراہیان و اسٹاف سرکاری ہر سفر مین
ہمراہی کا شرف حاصل رہا ہے۔ سفر دہلی و کلکتہ و گلبرگہ شریف
اورنگ آباد و راہچور وغیرہ مین آپ ہی کا انتظام تھا۔ (۱۳۱۱ھ، ۹۳، ۱۳۰۰ھ)
سنہ ۱۳۰۰ ہجری۔
اور بلحاظ پروگرام ایسا انتظام ہوتا تھا کہ اوقات معینہ مقررہ پر بلا تکلف
پوری سربراہی ہوتی تھی۔ آپ کے کام ہمیشہ مقبول شاہی رہے ہین
اور عام نظرون مین پسندیدہ۔ سرکار مرحوم و مغفور نے براہ خسروانہ
آپ کو سفر ورنگل سنہ ۱۳۲۱ ہجری مین ہمراہ سواری مبارک چلنے کا
حکم صادر فرمایا اور اسپشل خاص مین ایک ڈبہ دے کر عزت افزائی

فرمائی۔ آپ پر سرکاری اعتماد کلی تھا۔ چنانچہ اکثر موقع پر بحکم شاہی
قرارداد رسوم کا تصفیہ حضرت بیگم صاحبہ قبلہ مرحوم سے آپ حاضر ہوکر
فرمایا کرتے تھے۔ آپ کو عالیجناب نواب مختار الملک بہادر والے
نے اپنے اور عالیجناب نواب شمس الامرا امیر کبیر کے درمیان معاملات
ریاست میں حسب تحریک نواب شمس الامرا بہادر سفیر مقرر فرمایا تھا۔
آپ نے ہرچند اس نازک کام کی ذمہ داری لینی نہ چاہی۔ مگر نواب صاحب
ممدوح نے آپ ہی کو اہل و موزون سمجھکر یہ کام تفویض فرمایا۔ چنانچہ
جمادی الاول سنہ ۱۲۹۷ ہجری سے آپ نے اس کام کو بآئین بہین
دو سال تک انجام دیا۔ اور ایسا ربط اتحاد ہردو امرائے سلطنت
مین قایم رہا کہ کبھی کوئی سوے مزاجی کا موقع نہ آیا۔ آپ بزمانہ نواب
مختار الملک اولے روزآنہ باریابی کا شرف حاصل کرتے تھے اور
اکثر مہام سلطنت کا بالمشافہ ارشاد پر تصفیہ و عمل ہوتا تھا۔ آپ
حضرت غفرانمکان علیہ الرحمۃ کی خدمت مین ہر ضروری اور مفید
ملک معاملہ پیش فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ بموقعہ جلوس تقریب
سرکاری کسی شریر النفس شخص نے آپ پر پتھر پھینک کر سر مین ضرب
پہونچائی۔ اور بہت خون نکلا۔ مراحم شاہانہ و عنایات خسروانہ کا
ثبوت اس سے ملتا ہے کہ بفور اطلاع بصدور عنایت نامہ مصدرہ
۹ ذیحجہ سنہ ۱۳۰۱ھ مزاج پرسی فرما کر اعزاز بخشا گیا۔ دوسرے عنایت نامہ
مین یاد فرمائی ہوئی تھی ہردو کے نقول سے ہویدا ہوگا۔

نقل فرمان مبارک مورخہ ۹ ذیحجہ سنہ ۱۳۰۱ھ

گردھاری پرشاد۔

میں نے سنا کہ تمہارے کو کسی نے پتھر مارا اور تمہارے سر میں
چوٹ آئی۔ اب تمہارا درد سر کیسا ہے۔

شرحِ دستخط مبارک
اعلیٰحضرت غفرانمکان

نقل۔ فرمان مبارک مرقومہ ۲ رجب المرجب ۱۳۰۲ھ ہجری۔

گردہاری پرشاد
تمہارے سے کچھ کام ہے۔ بمجرد دیکھنے اس خط کے دیوڑھی پر
حاضر رہو۔

شرحِ دستخط مبارک
اعلیٰحضرت غفرانمکان

ایک دفعہ بوقت ادخال رقم خاصہ بتقریب شادی نبسی خود بمراحم
خسروانہ پذیرائی فرمائی گئی اور تاریخ ۳ شوال ۱۳۰۱ھ ہجری امرا اور
مصاحبین کی یاد فرمائی سے مفتخر و معزز فرمایا گیا۔ حکم اجرا شدہ حسب ذیل تھا۔
"حکم حضور است کہ بتاریخ چہارم شوال روز شنبہ حاضر شدہ در ضیافت
گزرانیدہ گردہاری پرشاد شریک شوند۔"

وقتاً فوقتاً متعدد فرامین بضمن کار سرکاری و غیر سرکاری صادر
ہوتے رہے ہیں۔ جس سے ناچیز مفوضہ خدمات کی پسندیدگی اور
قبولیت ظاہر ہوسکتی ہے۔ آپ کی سرکاری کاروباری زندگی کی
ابتدا عالیجناب نواب سالار جنگ مختار الملک اول سے بہت افزائی
قدر فرمائی اور وہی اس خاندان کے باعث ترقی تھے۔ آپکی زندگی کا

انتہائے عروج اور آخری زمانہ حضرت غفران مکان علیہ الرحمۃ کی قدر دانی پروری و ذرہ نوازی کے طفیل مین عزت و آبرو گذرا۔ آپ ہمیشہ کار سرکاری مین خیر خواہانہ اور بیباکانہ معروضہ پیش فرمانے کی جرأت رکھتے تھے۔ آپ کو سرکاری خیر خواہی کے مقابلہ مین اپنے معتوب ہونے کا کبھی خوف نہین رہتا تھا۔ آپ کے تفویض خاص سرکار کے درازی عمر وغیرہ کے لیئے برہمنون کا تقرر اور ردقیہ و خیرات وغیرہ کا کام تہا جس کا باطلاع و منظوری آپ انصرام فرماتے تھے۔ دربارہائے انگریزی۔ صاحب عالیشان بہادر نواب وائسرائے بہادر اور دیگر گورنران وغیرہ مین آپ سربراہی بانداز اور عطر و ان کی خدمت انجام دیا کرتے تھے جو بطفیل تفضلات شاہی اب تک جاری و برقرار ہے۔ مقربان شاہی مین آپ کی جرأت کسی سے کسی حالت مین کم نہ تھی۔ آپ کو اکثر مدار المہامان وقت امرایان و معززین سلطنت کے اکثر ارشادات خانگی ہر بالمشافہ پیشی حضور پر نور مین معروضہ کرنا پڑتا اور عموماً امور متذکرہ مین آپ کے معروضون کو شرف قبولیت عطا ہوتا تھا۔ شادی کے بعد تمامی امرایان اور معززین سلطنت کو سرپیچ کی سرفرازی بموقعہ دربار معلائی آپ ہی کے ذریعہ ہوتی تہی۔ آپ نے کبھی کسی کی حق تلفی یا شکوہ و شکایت مین حصہ نہین لیا بلکہ متعدد موقعون پر راستبازی اور صاف گوئی سے سفارشین فرمائین۔ اکثر غربا اور بیکسون کے معاملات اور حالات گوشگذار سمیع ہمایون فرماتے رہے جس سے اکثر کام بآسانی طے ہوتے تھے۔ آپکی نشست کا مکان خلوت مبارک مین تھا۔

اور بیزمانہ تقاریب اور یاد فرمائی رات دن وہین قیام رکھنا
پڑہتا تھا - اکثر بمقام سرورنگر و کوہ مولا بزمانہ نہضت افروزی سرکار
آپ کی یاد فرمائی ہوتی تہی - اور آپ کی وہان حاضری رہتی تہی اپنی سہولت
کی خاطر آپ نے ان مقامات پر مکانات بنوائے اور خرید فرمائے
تہے - آپ کو سنہ ۱۳۱۱ ہجری مین بوقت دربار حکمرانی راجہ بہادری کا
خطاب مع لوازمہ سرفراز ہوا - ۲۹ رجمادی الاول سنہ ۱۳۱۱ ہجری کو
بربناء تحریک نواب عماد السلطنت مدار المہام وقت پیشی سرکار سے
نوبت روشن چوکی اور عماری کی سرفرازی ہوئی - ۷ رجمادی الاول ۱۳۱۲ھ
بتقریب دربار جشن سالگرہ مبارک محبوب نواز وقت کے بخش بہا
خطاب سے آپ نے عزو وقار پایا -

تذکرہ تصانیف و مشاغل علمی

آپ باوجود عدیم الفرصتی مصروفیت کاروبار سرکاری اور سفرہائے متعدد
تصنیف و تالیف کے کام مین مصروف رہا کرتے تہے - اکثر اساتذہ
و علماء وقت آپ کے کلام کو بہت پسند فرماتے تہے - راے بچولال صاحب
تمکین اور مولانا مولوی آغا سید علی شوستری طوبی سناد الملک و مولانا
حضرت عباس رفعت بہوپالی مرحوم و مغفور نے آپ کے کلام پہ
تقریظین تحریر فرمائی تہین - رباعیات بابرکات پیرایہ عروض وغیرہ مین
موجود ہے - خود حضرت اقدس جہان پناہی و عالیجناب نواب
مختار الملک اوسنئے و نواب عماد السلطنت بہادر و عالیجناب راجایان راجہ

مہاراجہ نرندر بہادر و عالیجناب مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر یمین السلطنت پیشکار و سابق مدارالمہام سرکار عالی و دیگر عمائدین اور امرائے سلطنت آپ کے کلام کو نظر پسندیدگی و وقعت سے ملاحظہ فرماتے تھے۔ آپ کا کلام تصوف معرفت سے پر ہوتا تھا۔ مضامین اونچے اور نازک ہونے کے علاوہ رنگین و نفیس اور دلکش ہونے کے باعث بعض تصانیف ایران تک گئے ہیں اور اکثر ممالک ہندوستان میں تقسیم ہوئے ہیں۔ آپ کے جملہ تصانیف (۳۰) تیس ہیں۔ جن میں سے فارسی نظم کے (۲۰) ہیں اور فارسی نثر میں (۳) تین ہیں اُردو کلام مختصر ہے اور ان میں بھی نظم و نثر کے تین (۳) تصانیف ہیں۔ ہندی زبان بھاکہا میں (۴) تصانیف ہیں۔ آپ کے تصانیف کا سرسری تذکرہ حسب ذیل ہے۔ کتب مصنفہ فارسی نظم یہ ہیں (۱) پیرایہ عروض (۲) یادگار باقی یعنی دیوان غزلیات فارسی (۳) قصائد باقی (۴) بہار عام (۵) مثنوی صنائع بدائع (۶) پرنس نامہ (۷) تہنیات باقی (۸) ضرب الامثال (۹) مکتوبات منظومہ (۱۰) زمزمۂ باقی (۱۱) بھاگوت شریف (۱۲) رامائن مسیحا مولفہ حضرت باقی (۱۳) رباعیات با برکات (۱۴) رباعیات مناجات باران رحمت (۱۵) باقی نامہ (۱۶) باغ رزاق (۱۷) مثنوی شمع منور (۱۸) نشاط باقی (۱۹) کنوز التواریخ (۲۰) کلام متفرقات۔ کتب فارسی نثر (۲۱) افضل التصحیح لغت (۲۲) توشۂ عاقبت یعنی سفرنامہ طبع شدہ (۲۳) مہابھارت نامکمل غیر طبع شدہ۔ تصانیف اردو نظم نثر (۲۴) بقائے باقی دیوان اردو (۲۵) تحقیقات سیاق باقی (۲۶) بیتی چریتر

سوانح عمری سوامی بہاسکرانند سرسوتی ۔ تصانیف بہاکہا (۲۷)
تیرتھہ مال مجموعہ بھجن ہائے بہاکہا ۔ (۲۸) شنیھوپران ۔ (۲۹)
کیشوپران (۳۰) بہاگوت سار ۔ تصانیف نمبر ۳۲ و ۳۳ طبع
نہوسکیں ۔ اس کی وجہ یہ ہوئی کہ سفرنامہ انتقال تک مراحتاً تکمیل
پاتا رہا ۔ یہ ضخیم کتاب ہے نمبر (۳۳) بہی مکمل نہوسکی منجملہ اٹھارہ پرب
مہابہارت کے صرف دو پرب ختم ہونے پائے تہے کہ آپکا انتقال
ہوگیا ۔ آپ کا متفرق کلام فارسی اردو اور بہاکہا مین بہت ہے
جو قصائد ۔ غزلیات اور عرائض منظومہ کی شکل مین منضبط ہے اور
زیر ترتیب ہے ۔ آپ فی البدیہہ فرمانے کے بہت عادی تہے
عموماً بوقت حضوری و حاضرباشی بموقعہ دربار یا پیشی سرکار کوئی
مصرع زبان مبارک سے فرمایا جاتا ۔ اور آپ اُسی وقت مصرع
ثانی عرض کردیا کرتے ۔ چنانچہ ایک موقعہ پر حضرت غفران مکان
علیہ الرحمۃ نے پیشی مین حاضر ہوتے ہی یہ مصرع آپ سے ارشاد
فرمایا کہ اس پر مصرع اولے کہو ۔ میر محبوب علیخان کو نہین جانتے کیا ۔
مرحوم نے فی البدیہہ یہہ مصرع موزون کرکے عرض کیا ع

پوچھئے کیا ہو کہ جس کا ہے تخلص آصفا	میر محبوب علیخان کو نہین جانتے کیا

حضرت جہان پناہی نے سن کر بیحد اظہار مسرت وخوشنودی
فرمایا اور اس مصرع کو اپنی غزل مین شریک کرنیکا اعزاز بخشا ۔
سفر اورنگ آباد مین آپنے مختلف موقعون پر حسب حال جو اشعار

فی البدیہ فرمائے تھے اور جن سے حضرت پیرومرشد اور نواب سالار جنگ بہادر محظوظ ہوئے تھے وہ درج کئے جاتے ہیں -

اشعار فی البدیہ متعلقہ سفر اورنگ آباد

نظم کا کھیت بیٹے دیکھا آج
اور کیا ہو ترقی ثانی

ز شاخ تاک چو انگور شیشہ بدست کشید
فتاد خوشہ پروین بہ پنجہ خورشید

دعوت شاہ بہ مختار مبارک باشد
میز در خانہ سالار مبارک باشد

اکثر رسومات اور تقاریب کے موقع پر اور کسوف خسوف وغیرہ کے اوقات مین حصول منظوری و احکام کے لیئے منظومہ عرائض پیش فرمایا کرتے تھے - آپ کی خط و کتابت شاعری مین اکثر ہند کے اہل علم و فضل سے رہا کرتی تھی - چنانچہ مولوی سید صدیق حسین خان صاحب نواب ملک بہوپال - مولانا مولوی حضرت عباس صاحب رفعت و راجہ درگا پرشاد صاحب مہر - راجہ صاحب سندیلہ رائے جوگل کشور صاحب سیراب بہوپال - رائے دوارکا پرشاد صاحب افق ملک الشعرا لکھنوی - رائے رام سہائے صاحب تمنا اور رائے کانتا پرشاد صاحب فنا وانا مالک اخبار کاسینہ ہشکاری وغیرہ سے عموماً نظم مین خط وکتابت رہتی تہی اور ہمیشہ سلسلہ اتحاد و ارتباط تازہ رہتا تہا - آپ نے رائے جے پرکاش لال صاحب کے - سی - آئی - ای - دیوان ریاست ڈمراون کی دعوت مین بموقعہ کایستہ کانفرنس ۱۳۱۱ھ

فارسی مین قصیدہ فرمایا تھا اور اسی طرح دہلی اور کلکتہ کے سفر مین آپ نے مشاعرہ کے لیئے دو دو غزلین تصنیف فرمائین۔ چند اشعار مشاعرہ کلکتہ اور تحفہ دربار دہلی ہدیۂ ناظرین کیئے جاتے ہین۔

اشعار غزل مشاعرہ کلکتہ

و چند اشعار نمونہ لطیفہ دربار دہلی مصنفہ حضرت باقی

	اشعار	
گوئین رشنیدم شہنشاہ شد		دلم زین حقیقت نہ آگاہ شد
شہنشاہ یورپ شدن مشکل است		اگر بہر ہنداست بے حاصل است
شہنشاہ را تاج بخشی سزا است		ز شاہان اگر باج گیرد روا است
دران وقت این نام با نامی است		دگرنہ فقط لفظ بے معنی است

غزل دیگر

ہست محراب حرم ابروئے تو	کعبۂ ارباب ایمان کوئے تو
ست بیجا ز رضوان کے کشتم	ہست فردوس برین چون کوئے تو
اہل ہفتاد و دو ملت اے حبیب	سلسلہ جنبان شد از گیسوئے تو
در حساب دین دارانش شمار	باقی زار ست یک ہندوئے تو

باز گو باقی غزل گشتند شاد
اہل کلکتہ ز گفت و گوئے تو

ان مقامات پر آپ کے کلام کی بہت قدر و مانگ ہوئی۔ بلدہ مین بھی

پہلے فارسی مشاعرے بہت ہوا کرتے تھے۔ بالخصوص بارہ دری عالیجناب سر مہاراجہ بہادر میں آپ شریک ہوتے اور غزل فرمایا کرتے تھے اور باوجود کثرت کار آپ کا سلسلہ تصانیف کبھی نہیں رکا۔

روز صبح چار بجے سے سات بجے تک یہی تصنیف و تالیف کا مشغلہ رہا کرتا تھا۔ اور شب میں بھی اکثر۔ آپ کی بعض تصنیفیں اس قدر مقبول ہوئیں کہ معتقدین و شایقین اب تک ان کو روزانہ پاٹ یعنی ورد کے لئے اپنے پاس رکھتے ہیں۔ ہندوستان میں بھی شنبھو پران اور بھاگوت سار زبان بھاکھا بہت مرغوب ہوئے۔ فارسی کلام میں رباعیات یا برکات یعنی نود و نہ نام اسماء الٰہی اور باغ رنراق جس میں ہر خوردنی و ضروری اشیاء کے خواص از روے اصول حکمت نظم میں بیان ہوئے ہیں۔ بہت پسندیدہ اور کار آمد ثابت ہوئی ہیں آپ نے اپنے زمانہ میں لایق شعرا کو پیشگاہ سرکار میں پیش کرنے سے کبھی احتراز نہیں فرمایا۔ بلکہ پیشقدمی فرمائی۔ چنانچہ بلبل ہندوستان حضرت داغ صاحب و مولانا حضرت عباس رفعت و ملک الشعراء آوارکا پرشاد افق ورا ئے رام سہائے صاحب تمنا و رائے کنہو لال صاحب تائب لکھنو وغیرہ وغیرہ کو آپ نے پیشگاہ اعلیحضرت میں پیش فرما کر ان کے کلام اور تصانیف کے اظہار کا موقع دیا۔ چنانچہ بارگاہ خداوندی سے ان حضرات کو جیغہ سرپیچ و خلعت سے قدردانی اور سرفرازی فرمائی گئی اور صاحب اوّل الذکر کو ملازمت سرکاری اور استادی کا فخر نصیب ہوا آپ ہر موقع او رمحل پر تواریخ اور نظمیں تحریر فرماتے تھے بعض کنوز التواریخ میں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ اکثر عمارات فلک نما جہان نما وغیرہ وغیرہ کی

و پیدایش اور شادی وغیرہ کی تاریخیں بھی آپ کی کہی ہوئی ہیں۔ آپ نے
انشاراے چمنالال صاحب جید منشی عالم و فاضل جو آپکے ہی قرابت میں تھے
طبع کرائی شہنشاہ جہانگیر کے مشہور شاعر ملا سیح کی رامائن کو آپنے ہی زیر طبع
پہناکر سلک میں پہونچایا۔ اپنے انتقال سے ایک دو مہینہ قبل بزمانہ علالت
ایک رباعی فرمائی تھی جو درج ذیل کیجاتی ہے۔ تتمہ متفرق کلام کسی وقت
ہدیہ ناظرین کیا جائے گا۔

رباعی

از درد مفاصلم نہایت دل شاد
زین درد مرا نام خدا آید یاد
بے دردی باعث فراموشی ہست
گر درد دہد خدا بکن شکر زیاد

تذکرہ کارہائے خیر

آپ کے ہاتھوں نہایت بڑے اور اعلی مذہبی کام انجام پائے۔
اور اسی طرح خیراتی کام بھی جن کا نام و نشان ابھی تک باقی ہے اور
انشاء اللہ تا قیام باقی رہے گا۔ دیول چندرائن گٹہ عرف
کیشو گیری کو آپ نے حسب الحکم و اجازت نواب سالار جنگ بہادر
مدار المہام وقت ۱۲۷۵ ہجری میں اپنے زیر انتظام و نگرانی لیا
اور اپنی ذات سے لکھو کہا روپیہ صرف کرکے اس غیر آباد مقام کو
آباد فرمایا۔ باؤلیات۔ باغات ذاتی تیار کئے۔ اور اکثر

عمارات عالیشان کی تیاری فرمائی۔ اس موضع کو محصور فرمایا۔
دیگر چودہ پندرہ دیولات بھی تعمیر کرائے۔ آپ کو اولاد کے پیاپے
ضائع ہونے سے اُن قدیم اُفتادہ دیولات کا دلی شوق ہو گیا تھا
جو ویران اور کس مپرسی کی حالت میں پڑے ہوئے تھے۔ چنانچہ
آپ نے زمینات قولی اپنے نام سے بتقررین حاصل کر کے کیشو پیٹھ
عرف کیشو گیری یا چندرائن گٹہ کو آباد فرمایا۔ دیگر معززین و امرایان
سے آمدنی زمینات و یومیہ محاصلی مقرر فرمائے۔ آپ نے اس دیول کی
پوجا پاٹ موقوف شدہ کو ازسر نو جاری کرا کے جاترا کا آغاز
فرمایا۔ اور پوجاری کو جو کہ رہزنی اور ڈاکہ وغیرہ سے ازبس تنگ تھا
اور جس نے آئندہ کے لیئے کاروبار میں عدم مداخلت کا اقرارنامہ
دیدیا تھا بلوا کر مکانات بصرفہ ذاتی تیار کرا دیئے اور اقامت و
حفاظت کا انتظام فرمایا۔ ان کی مسدود شدہ تنخواہیں جاری
کرائیں اور بے حد سلوک کر کے دوسروں سے بھی سلوک کرایا۔
اور پھر وہ ذریعہ آپ نے اختیار فرمایا جس سے آبادی و ترقی
دیول میں کوئی کمی نہ ہو۔ جاترا بڑی شان سے آغاز کی۔ اور اس
دیول کے لیئے جملہ آمدنی و اخراجات بشمول آمدنی رقم نذر ذاتی خود
چھ ہزار چار سو روپیئے مخصوص فرمائے جس میں ذاتی تین ہزار دو سو روپیئے
اور بقیہ رقم دیگر امراء کے عطیہ اراضیات اور مقطعہ جات دیول
وغیرہ کی شامل ہے۔ ایک مرتبہ آپ نے اپنی ذات سے چودہ ہزار
روپیئے اس دیول کے لیئے نذر کیئے جس میں دو مقطعہ ابھی تک
محاصلی ایک ہزار سے زاید سالانہ کی رہن اور انکی آمدنی دیول کے لیئے

مخصوص ہے - اب بہی یہ جاترا خاص بلدہ کی جاتراؤن مین ممتاز ہے
اور اسی جاترا سے نمایش مصنوعات ملکی کا آغاز ہوا ہے - اسیطرح
آپ نے دیول مالونت عرف پھاٹک شملا واقع اناگوندی کے
افتادہ و بیچراغ دیول کو ۱۳۰۴؁ ہجری مین تعمیر کرایا اور اس کیلئے
بہ نفس نفیس پہر کر چندہ فراہم کیا اور متعدد معززین اور ساہوکارون سے
سالیانے بہی مقرر کرائے گئے جن مین بعض ابہی تک جاری ہین -
دیول داماگنڈم بہی جو بوجہ ضبطی معاش بالکل ہی ناقص حالت مین تھا
آپنے اپنی نگرانی اور اہتمام مین لیکر ۱۳۸۷؁ ہجری سے جاترا اور
پوجا وغیرہ کا آغاز فرمایا - چنانچہ یہ کام بہی اب تک اسی خاندان سے
متعلق اور جاری ہے - یہ پُر فضا مقام وقارآباد سے تین چار
کوس پر واقع ہے - اُس اطراف واکناف مین یہ بہت پر لطف
اور مشہور دیہاتی جاترا تہوار ہولی کے دسوین روز انجام پاتی ہے
آپ نے بمقام مرزاپور عرف بندھیاچل دریائے گنگ پر
ایک گھاٹ بنام کشنو گہاٹ بنظر سہولت وآرام زائرین سال
۱۳۰۳؁ ہجری مین تیار کرایا - اس کے قبل کوئی گہاٹ نہین تھا -
آپ نے اپنے ایک مقطعہ موسومہ توپرہ خورد عرف بری نگر مین
باقی ساگر نامی ایک تالاب پندرہ ہزار روپیے (بصرف) سے تیار کرایا -
جس سے ہزارہا مخلوق اور جانورون کو تشنہ لبی وقلت آب سے
نجات ملی - آپ نے اپنی انا یعنی دایہ کے نام ایک باؤلی کندہ
کرائی جس کا نام گنگا باؤلی ہے - آپ ہر سال حضرت
حسین شاہ ولی صاحب قدس سرہٗ واقع کبوترخانہ قدیم کا عرس شنی

علاوہ دیگر اعراس کے اپنی ذات سے فرمایا کرتے تھے۔
آپ ہر سال ماہ صیام مین روزہ دار دن کے افطار ہی کا
اہتمام فرماتے تھے۔ اور ہر بڑے مرشد کامل کے آنے پر
اُن کی تواضع خاطر داری مین ہزار ہا روپیہ صرف فرماتے تھے
عموماً ہر زبان کے عالم و فاضل بھی بغیر آپ سے ملاقات کئے
واپس نہ ہوتے تھے۔ آپ نے تلپا گرو مہاراج جو مرشد
مشہور و معروف تھے ہزار ہا روپئے اور سیکڑون من غلہ
کی فراہمی اور چندہ سے خدمت کی اور یہ اہتمام کیا کہ صبح سے
شام تک لوگ روزآنہ تا قیام گرو مہاراج بمقام کیشو گری بلا لحاج
حسب منشا مہاراج موصوف کھائین۔ اسی طرح آپ کے حیات مین
دو ایک بڑے کام مثل بکیہ وغیرہ ہوئے۔ آپ بلدہ کے
دو دیولات کے متصلہ مساجد کے جھگڑے کے موقعہ پر بھی
منجانب سرکار تصفیہ کرنے کے لئے مقرر فرمائے گئے تھے اور
بلا کسی فساد و طوالت کے ان مذہبی نزاعات کا خاتمہ ہو گیا۔
بمقام جیر گل ایک کمان اور مکان سنگ بست بغرض آرام زائرین
و معتقدین خاص طور پر تیار کیا گیا جو کثرت جاترا مین عام سہولت
پہونچاتا ہے۔ آپ اپنے والد رائے نرہری پرشاد صاحب مرحوم
کے نام رودموسی پر ایک دہرم شالہ بنوا دیا جو باوجود طغیانی
اب تک بکلیہ قایم ہے اس کی تعمیر سے موسم بارش و گرما مین
جنازہ کے ساتھ آنے والون کو بہت آرام ملا کرتا ہے۔
اس کی تاریخ آپ کی مصنفہ یہ ہے۔ دار باقی نرہری پرشاد
۱۲۹۷ھ

ملاقات بزرگان دین و حالات سیاحت و زیارات

رباعی

دنیا چو سرائے است سفر باید کرد	از رہگذر دہر گذر باید کرد
این جائے مقام نیست آزاہروان	پس ماندۂ راہ را خبر باید کرد

آپ فقیر کامل اور بزرگان دین کے بڑے معتقد تھے۔ آپ کی خوش نصیبی سے سری مانک پربھو مہاراج ساکن مانک نگر ہمنا باد وسری بلیاگر و ساکن ادسہ وسری برھمانند سرسوتی ساکن پیری ضلع اورنگ آباد و جنگلی باوا ساکن بلدۂ حیدرآباد و سری بہاسکرانند سرسوتی مرتاض کامل ساکن بنارس سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا تھا اور سب نے عند الملاقات آپ کی ترقی دینی و دنیوی اور نجات کے لیئے دلی دعا فرمائی تھی۔ جبکہ آپ کی متعدد اولاد ضائع ہو چکی اور راقم کے بعمر پانچ سال (۵) سخت علیل ہونے پر سری بہاسکرانند سرسوتی سے بنارس جاکر ملاقات فرمائی بغیر اظہار حالات سری سوامی مہاراج نے راقم کے لئے اظہار اطمینان دلایا اور فرمایا کہ اس لڑکے سے اطمینان رکھو۔ یہ ہمارے ذمہ ہے چنانچہ مثنوی شمع منور فارسی اور دیپ چندر آردو و سوانح عمری سوامی جی ممدوح میں اس کا تفصیلی ذکر ہے اور اسی وجہ سے راقم کی رسم مکتب خوانی شادی وغیرہ بنارس ہی میں انجام پائی۔ اور آپ

بلحاظ عقیدتمندی ہر سال دو سال مین بغرض ملاقات و قدمبوسی
مہاراج موصوف بنارس تشریف لیجاتے تھے - سری مانک پربھو مہاراج
نے بھی آپ کو دو عصا اور دو طوطے سرفراز فرمائے تھے جس کا
یہ منشا تھا کہ آپ کے اولاد ذکور سے دو یادگار رہین گی - آپنے
اکیس (۲۱) سفر کئے تھے - جو آپ کے سفرنامہ موسومہ توشۂ عاقبت سے
مفصلًا ظاہر ہے - آپ کلکتہ - دہلی - آگرہ - متھرا - بندرابن -
پونہ - بمبئی - مدراس - بالاجی - یہ سری رنگ - شیوکانچی - جگناتھ جی -
سندیلہ ڈمراون بنارس - مرزاپور - الہ آباد - جبل پور - لکھنو -
کانپور - نیم سارن - اجودھیا - گیا جی - امرتسر لاہور - جوالا مکھی
جالندھر - تلجاپور - پنڈھرپور - اجمیر شریف - پشکر راج - جے پور -
بھوپال - اجین - ملکارجن - ناسک - ترنبک - اونکارناتھ -
مالوت بیجاپور - بلاری - بھدراچل - واماگنڈم - اناگونڈی
اور دیگر اکثر مقامات علاقۂ سرکار عالی مین تشریف لیجاچکے تھے -
اور ہر جگہ آپ نے خیرات و مبرات مین ایسا حصہ لیا تھا کہ
آج تک اون مقامات مین نام روشن ہے - اور لوگ نہایت
محبت و احسان سے یاد کرتے ہین - آپ ہر جگہ بلا لحاظ قوم و ملت
قابل دید مقامات متبرکہ سے فیض حاصل فرمایا کرتے تھے -
آپ بنارس بلحاظ مقام متبرک نو (۹) مرتبہ تشریف لے گئے تھے -
آپ کے ہمراہ ہمیشہ متعدد اقربا و ملازمین رہتے تھے - اور
بوقت شادی راقم جو سفر آخری تھا متعدد ڈبے مخصوص اور منتخب تھے
اور ہر لوازمہ مثل نوبت و روشن چوکی ساتھ تھے - مذہبی فرائض

ورسومات کی ادائی جملہ مقامات متبرکہ مین نہایت شاندار طریق پر کرتے رہے۔ اور آپ نے اپنے والد ماجد راجہ گریدھری پرشاد کے نام ہزارون کا سلوک و خیراتی کام کئے۔ آپ سنہ ۱۳۱۴ھ مین سواری سرکار کے ساتھہ جب بنارس تشریف لے گئے تھے تو آپ نے بنارس کی شان مین جو نظم تحریر فرمائی ہے اس سے چند اشعار ہدیہ ناظرین کئے جاتے ہین۔

نظم بنارس

محبوب شہ آمد بہ تماشائے بنارس — جہانی او ساختہ را جائے بنارس

آن الیسری پرشاد کہ شہ ہو جہانست — حسرت دہ بہشت است از و جائے بنارس

یوسف زکن آمدہ با حسن و تجمل — تا عاشق او گشتہ زلیخائے بنارس

آبش کہ ز گنگ است مگر آبحیات است — جان دادہ بہر مردہ مسیحائے بنارس

ہم راجہ نرندر کہ بہمراہی شہ بود — اشنان او اکرد بہ گنگائے بنارس

دیگر چہ کنم وصف بنارس کہ ہمیشہ — باقی سر من باشد سودائے بنارس

دیگر مشاغل و مصروفیت عام

آپ بچت و نیز مین لاجواب مہارت و دخل تامہ رکھتے تھے

آپ بار ہا حضرت غفران مکان علیہ الرحمتہ و عالیجناب نواب سالار جنگ اول و عالیجناب راجایان راجہ نرندر بہادر پیشکار و دیگر امرا و معززین کی خدمت مین ہندوانی و اسلامی کھانے اور مرغوب اغذیہ پکا کر داخل فرماتے تھے - اور آپکی تیار کردہ سب غذائین بہت تعریف سے کھائی جاتی تھین - اور عموماً فرمایشون کا سلسلہ رہتا تہا - آپ کو اچار اور مربہ تیار کرانیکا خاص طریقہ معلوم تھا - بعض رسومات اور قومی شادیون مین اصلاحین فرمائین - اور غزلخوانی کے طریقہ کو جو غیر مہذب بنگیا تہا دلخوش کن اور مہذب لباس پہنایا تہا - علم موسیقی مین کافی معلومات تہین آپ کے یہان پنجاب کے ربابی ملازم تھے - اور بوقت فرصت آپ کا کلام سنا کرتے تھے - اور اپنے عزیزان خاص کے علاوہ اکثر دوسرے اشخاص کی شادیان و دیگر رسوم مذہبی مفت کرادیتی تہین آپ متحمل مزاج - دوراندیش - خیرخواہ سلطنت تھے - آپ ہمیشہ قدیم لباس جامہ نیمہ دوگلہ وغیرہ مین ملبوس رہا کرتے تھے ایک دفعہ صاحب عالیشان بہادر نے معمولی دربار انگریزی کے موقعہ پر آپ سے اس قدیم لباس کے متعلق یہ تمسخر فرمایا تہا کہ راجہ صاحب یہ ہماری لیڈیون کا لباس ہے - آپ کیون پہنتے ہین - آپ نے اُس وقت یہ برجستہ جواب دیا کہ صاحب یہ لیڈیون کا لباس نہین ہے بلکہ آپ کے مرشد اور رہنمائے دین پادری صاحبون کا لباس ہے - جس کی ہروقت تعظیم ہوتی ضروری و لازمی ہے - اسی طرح کے متعدد واقعات ہین جو بخوف طوالت

قلم انداز کر دے گئے۔ آپ جہان نواز اور قوم و ملک کے
فدائی تھے۔ آپ نے ہمیشہ قومی کاموں میں پیشقدمی کی ہے
آپ راسخ الاعتقاد پابند مذہب اور طریق قدیم تھے۔ آپ
بے تعصب ہمدردانہ اور بے ریا انسانی دل اپنے پہلو میں
رکھتے تھے۔ آپ ہر قوم و ملت میں خدائی شان و جلوہ دیکھتے تھے
اور ہر ایک کے دکھ درد سے فوراً متاثر ہوکر انکا ہاتھ اپنے
ہاتھ میں لے لیا کرتے تھے۔ آپ کامل تجربہ کے بعد ماتحتین پر
پورا بھروسہ فرماتے تھے۔ آپ کے ساتھ کوئی برائی کرے تو
اس کے تخریب کے درپے نہیں رہتے تھے۔ آپ اپنے
مالک کے جیسے سچے معتقد و وفادار تھے اسی طرح اپنے والد
استاد و مرشد کی ذات میں پوری عقیدت رکھتے تھے۔ آپ نے
اپنے والد رائے نرہری پرشاد کی شان میں ایک قصیدہ
لکھا تھا جو اپنے ڈھنگ کا نرالا اور اظہار عقیدت کا
سچا فوٹو ہے۔ نمونتاً شعر اوّل و دوم اور آخری درج ذیل ہیں

اشعار در مدح والد ماجد

نرہری پرشاد صاحب والد والائی من
نیست در عالم بغیر از ذات پاک او دگر

مظہر من مصدر من مالک و ملجائی من
والی من ہادی من مرشد و مولائی من

فارغ از خیر و شر دنیا و دین گردیدہ ام
در رضائی اوست باقی دین من دنیائی من

آپ نے ہتیار کے استعمال اور بنوٹ وغیرہ کے کمال کو بطریق خاص
حاصل فرمایا تھا - آپ اپنے ہونہار سعادتمند جوان فرزند
رائے کیشو پرشاد و دیگر اولاد کے وفات پر نہایت صبر و شکیبائی سے
کام لیا - اور مثل دیگر دنیاداروں کے مغلوب الم نہوئے - آپ نے
اپنے چار برادرزادوں کو چھوٹے بھائی کے انتقال کے بعد
اپنے زیر تعلیم و نگرانی رکھا - اور ان سب کی شادی مثل اپنے
فرزند کے اعلےٰ پیمانہ پر کی تھی - آپ ایسے شہ خرچ تھے کہ راقم کی
شادی میں کثیر رقم صرف فرمائی - آپ نے مہاراجہ کاسی نریش
و مہاراجہ اہتی و راجہ صاحب شدیلہ کی دعوت کی تھی - اور بزمانہ
شادی و بموقعہ سفر ہمراہی سرکار بنارس لکھنو دہلی کلکتہ بھوپال و
میں جملہ اصحاب برادری اور قوم کی ہزارہا کی تعداد میں پر تکلف
دعوت کی تھی - آپ جسوقت بیمار ہوئے اور درد پا سے لاچار تو
ایک ڈیڑھ ماہ تک حاضری دیوڑہی سے معذور رہے - اسی زمانہ میں
حضرت غفران مکان علیہ الرحمتہ نے حسینی محل واسطے جاتے
ہوتے ہوئے آپ کی نسبت دریافت فرمایا اور آپ نے
بحالت علالت آگے بڑھکر شاہی استقبال کا فخر حاصل کیا -
سواری حضور پر نور آپ کے غریب خانہ پر نہضت افروز ہوئی
اور نہایت بشاشت و فرحت سے نذریں قبول کرکے گھنٹہ
ڈیڑھ گھنٹہ قیام پذیر رہی - آپ پر خاص عنایات شاہی کا ثبوت
اس سے بڑھکر اور کیا ہوسکتا ہے کہ آپ کے فرزند راقم کے
چھوٹے بھائی رائے محبوب راج صاحب عمر تین سالہ کو جن کا نام خاص

سرفراز کروہ و نام زد شاہی ہے -) گو دین اٹھا کر اعزاز بخشا- آپنے سواری مبارک کی تہنیت افروزی کے متعلق جو نظم فرمائی اسکا مصرعہ تاریخ یہ ہے - تو باقی بے تکلف گو سواری نظام آمد - ۱۳۱۳ ہجری

آپ نے دختروں و نواسیوں کی شادی کے لیئے اورنگ آباد و مدراس وغیرہ سے خاندان طلب فرماکر ان کی پوری کفالت فرمائی تھی - آپ کو ہمیشہ وسعت برادری و توسیع تعلقات اور مراسم کا خیال رہتا تھا - آپ نے تعلیم عزیزان کے لیئے تشکیل مدرسہ چند اساتذہ مقرر کرکے اہتمام تعلیم باقاعدہ فرمایا تھا - آپکے فرائض زندگی مین کوئی ضروری فرض تکمیل طلب نرہا تھا - آپ اکثر و بیشتر فرمایا کرتے تھے کہ آپ کو اپنے مالک کے سامنے اس دنیا سے کوچ کرنا نصیب ہو - اور یہی آپ کی آخری آرزو تھی جو خدا تعالی نے پوری کی - آپ کو اکثر احباب بصلہ کارگزاری حصول جاگیر کیجانب توجہ دلاتے رہتے - آپ نے ہمیشہ یہ کہکر انکار فرما دیا کہ جس روز سرکار سے مین اپنی ذات کے لئے کوئی درخواست کرون - اُس روز سے میری زبان اور دل مین کسی اور کے لئے عرض و معروض کرنے کی طاقت نرہے گی اور مین خدمت خلق سے محروم رہجاؤنگا مین اس قیمتی خدمت کے مقابلہ مین اپنے نفع و نقصان کی پرواہ نہین کرتا - آپ کی سفارش پر ایک معزز عہدہ دار سرکار عالی نے باوصف وعدہ ایفا نہ فرمایا تھا - آپ نے بہت عرصہ تک انتظار کرنے کے بعد آخری مرتبہ جو یاد دہی کی وہ آپ کے مصنفہ

ذیل کے شعر سے ظاہر ہوگی جو آپکے صاف گوئی کی دلیل ہے ۔ ؎

نہیں ہی کام قیامت میں تم سے کام نہیں
خدا نہیں ہو پیمبر نہیں امام نہیں

آپ زود نویس تھے اور خوشنویسی میں بھی خوب دخل تھا اکثر قطعات آپکے
قلمی اور مصنفہ موجود ہیں جو طبع شدنی ہیں ۔

حالات وفات

آپکو وجع مفاصل کا لگاؤ ہوگیا تھا۔ آپکی علالت ۲۴ محرم ۱۳۱۴ھ بخار سے آغاز ہوئی
اور بڑہکر نقاہت اور دوسری کمزوریوں کا سبب مرض قرار پایا۔ افضل الاطبا حکیم
محب حسین فیلسوف جنگ کا علاج تھا۔ آپکے عزیزوں اور دوستوں نے تبدیل علاج کے لیے
بیحد اصرار کیا۔ آپنے ایک نہ مانی اور اپنے عزم پر قایم رہے جس سے آپکا استقلال اور خدا پر
بہروسہ دم آخرین تک ثابت ہے۔ آپکی صحت یوماً فیوماً بگڑتی گئی اور دوا سے کچھ فائدہ نہوا
اور آخر ۲۳ صفر ۱۳۱۴ ہجری روز سہ شنبہ تھا ایکادشی (جو خاص متبرک دن اہل ہنود کا ہے)
آپنے انتقال فرمایا۔ آپنے پندرہ روز قبل سے غذا اور پانی کا استعمال مطلقاً ترک فرما دیا تھا
از روے شاستر ہنود یہ ایک طرح کا روزہ (انشن برت) تہا یہ جو خاص شاغل و کاملین کر سکتے ہیں
آپکے زمانۂ علالت میں منجانب و بحکم سرکار نواب محبوب یار جنگ ناظم الملک بہادر بغرض عیادت
تشریف لائے تھے۔ اور عالیجناب راجایان راجہ مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر یمین السلطنت پیشکار
و سابق مدار المہام سرکار عالی نے قدم رنجہ فرما کر عیادت فرمائی تھی۔ عالیجناب مہاراج ممدوح الشان سے
آپنے فرمایا کہ میں بیفکری اور تسکین قلب کے ساتھ جا رہا ہوں۔ میری علالت بغیر موجودگی
اور خرابی صحت قابل فکر نہیں ہے۔ عالیجناب راجہ راجہان راجہ شیوراج دہرمونت بہادر
آصفجاہی و عالیجناب مہاراج راجہ مرلیمنوہر آصف نوازونت بہادر بلند پایاشی دیگر معززین و
ملاقاتی اصحاب نے بھی تشریف آوری سے اظہار محبت وہمدردی فرمایا۔ انتقال کے بعد

راجہ سری پرشاد آپ کے برادر زادہ نے آخرت باقی نامی ایک کتاب شایع فرمائی -
جس مین نامور شعرا نے آپکے وفات کی تاریخین لکھی ہین - بعد وفات بصلہ کارگذاری
وجان نثاری وبلحاظ قدیا پروری و ذرہ نوازی جملہ خدمات راقم کے نام بعید ور
فرمان مبارک بحال فرمائی گئین - اور پندرہ روز کے اندر رسم پیشفرمایا فرمائی پیچ محلہ مبارک
برآمدی سرکار و دو شال سفید سرفراز کیا گیا اسی طرح علاقہ دیوانی و پیشکاری سے بہی حسب عملدرآمد قدیم
عمل فرمایا گیا - آپکے جنازہ کے ساتہہ ہزارہا مخلوق تہی اور بعد حکم و اجازت سرکار جنازہ اٹھا
تبر خیرات کا معقول اہتمام تھا اور لوازمات اعزازی ہمراہ جنازہ تھے - اس حرمتبہ علم
اور ہمدرد زمانہ نے جسوقت آنکھین بند کین ہزارون دوست احباب شناسا اور عام
پبلک بیتاب و مضطرب ہوگئے اور آجتک بہی باوجود انقضا (۲۸) اٹہائیس سال
جب کبھی آپ کا ذکر خیر آجاتا ہے تو نہایت خلوص و محبت سے آپ یاد کئے جاتے ہین
خصوص مشکل اور اہم کامون کے انصرام و انجام دہی مستعدی و حاضر جوابی آپکی یاد کا ذریعہ ہے -
بوجہ قلت وقت وخوف طوالت بغرض معلومات و دلچسپی معززناظرین و شایقین
چند صفحات مین اپنے معزز و محترم والد مرحوم و مغفور کے مختصر واقعات پیش کئے ہین
مینے اسمین مبالغہ و عقیدت سے کام نہین لیا ہی بلکہ والد مرحوم کے یادداشتون سے اقتباس کیا ہے
آیندہ بشرط فرصت و زندگی آپکا متفرق کلام فارسی و اردو وغیرہ بہی طبع ہوسکیگا -
جو ایک بہتر ذخیرہ تاریخی ہوگا اور باعث تفریح و دلچسپی بہی - فقط

نرسنگہہ راج

هُوَالْبَاقِی

کلام حضرت باقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم گوئی
مفتاح گنج راز ایمان گر جوئی

باقی نام ذوالجلال لم یزل ولایزالیست کہ ابدالآباد باقیست وابتدای ابتدائیش وانتہای انتہائیش کسی را معلوم نیست ۔ باقی فانی یارای حمد او نمیدارد۔ بعضے اشعار سر غزل باقی نامہ وختم آن می نگارد۔

غزل باقینامہ

همہ فانیست جہان یا باقی
هست یک ذات تو الا باقی

ای نجم عشق فنا فی اللہ کن
غیر ازین نیست تمنا باقی

دل وجان تا بتوان فت عشق
ماندہ است این تن تنہا باقی

شد ز معشوق ظہور عاشق
نام مجنون ست ز لیلا باقی

یار با تو نشود باقی یار
واری این حرص و ہوس تا باقی

غزل خاتمہ باقیا نامہ

همہ عالم فناست اے باقی — نیست موجود غیرے باقی
همہ تن خاکیم چو نے باقی — نیست جز استخوان و پے باقی
از دو دی در گذر همہ او نیم — نیست در رہ بغیر وے باقی
رفت بہرام گور هم در گور — نام کیخسروست کے باقی

غیر حق کل من علیہا فان
باقیا نیست ہیچ شئے باقی

باقی ثانی لاثانی ذات بابرکات محبوب ربانی معشوق یزدانی است کہ از همہ آدم بمصداق لولاک لما خلقت الافلاک پیش از آفرینش موجود بود۔ و نیز بعد افنای دنیا و مافیہا روز قیامت شفاعت جمیع عاصیان پر معصیت خواہد شود۔ نعت او را چگونہ سرائیم بہ این غزل نعتیہ کہ مشہور جہان و مقبول صاحبان ایمان و ایقان است اکتفا می نمائیم۔ مولانا علام امام شہید اکثر در مجالس مولد۔ ازین غزل را تم آغاز بیان میساخت و عالمے را بوجد می انداخت۔

غزل نعتیہ

ترا اول بہ اخفا آفریدند — ازاں پس دین و دنیا آفریدند
پس از ذاتِ خدا اول خدا را — جمالت ای خود آرا آفریدند

نخستین شان و قدر بیت عرجه دادند ... ازآن عرش معلی آفریدند
